28-Apr-08

# پریس ریلیز

## حضرت مفتی رفیع عثمانی سے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے سہ رکنی وفد کی ملاقات

کراچی (پ۔ر) مفتی اعظم پاکستان اور رئیس جامعہ دارالعلوم کراچی مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی سے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین نے شمیم احمد چاندنہ، شکیل دہلوی اور انجینئر ریحان یاسین نے جامع دارالعلوم کراچی میں ملاقات کی۔ اراکین نے مفتی اعظم پاکستان کو ٹرسٹ میں غریب ونادار افراد کی فلاح و بہبود کے لیے انجام دی جانے والی خدمات، ٹرسٹ کی عمومی کارکردگی اور دیگر خدمات کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس ضمن میں بالخصوص عازمین حج کے حوالے سے عامتہ الناس کو دی جانے والی خصوصی خدمات کا تفصیلی تذکرہ کیا گیا۔

وفد کے اراکین نے مولانا رفیع عثمانی کو عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے حج اور عمرہ کے مقدس فریضہ کی ادائیگی کے لیے فراہم کی جانے والی خدمات وسہولیات، ٹرسٹ کی جانب سے تربیتی نشستوں کا انعقاد اور دیگر خدمات کے بارے میں بتایا۔ اس موقع پر مفتی اعظم پاکستان نے ٹرسٹی حضرات کو مشورہ دیا کہ وہ حج کے حوالے سے اپنے وسیع تجربات ومشاہدات کی روشنی میں تجاویز وآراء وزارت حج و مذہبی امور اور جامع دارالعلوم کراچی کو روانہ کریں تاکہ عازمین حج وعمرہ کے لیے مزید آسانیاں مہیا کرنے کا سامان ہوسکے۔ وفد نے مفتی اعظم کو اس تجویز پر مکمل عمل درآمد کی یقین دہانی کرائی۔

#